airblue

Crash Affectees Group

”ائر بلو“ کے حادثے کے متاثرین کا گروپ قائم ہو گیا

کراچی (اکتوبر 13، 2010ء) اسلام آباد میں ہوئے کچھ عرصہ پہلے ائر بلو کے طیارے کے جانکاہ حادثے میں ہلاک ہو جانے والے افراد کے اہل خانہ، دوستوں اور دیگر عزیزوں نے "Air Blue Crash Affectees Group" کے نام سے ایک گروپ قائم کرنے کا اعلان کیا ہے۔

اس گروپ کا مقصد متاثرہ خاندانوں کو ایک ایسا پلیٹ فارم مہیا کرنا ہے جہاں وہ سب جمع ہو کر اپنا دکھ بانٹ سکیں۔ اس گروپ کے قیام کا ایک مقصد یہ بھی ہے کہ حکومت، ائر بلو، ائربس اور سول ایوی ایشن اتھارٹی پر زور دیا جائے کہ اس حادثے کی شفاف تحقیقات ہوں اور طیارے کے تباہ ہونے کی اصل وجوہات سامنے آئیں۔

اس گروپ کے اراکین بحران کے انتظام اور حادثے کے بعد مشکل وقت میں متاثرہ خاندانوں سے خراب روّیے جیسے مسائل پر ائر بلو اور دیگر ذمہ دار اداروں کے مابین رابطے کی خراب صورتحال کو بھی منظر عام پر لائیں گے۔

ائر بلو کا مذکورہ طیارہ مارگلہ کی پہاڑیوں سے ٹکرا کر رواں سال کے ماہ جولائی کی 28 تاریخ کو تباہ ہو گیا تھا، اس حادثے میں طیارے پر سوار تمام 152 افراد ہلاک ہو گئے تھے۔

اس حادثے کے متاثرین میں ایسے خاندان بھی شامل ہیں جن کے گھر کا واحد کفیل اس حادثے میں ہلاک ہو گیا، یہ گروپ ایسے خاندانوں کی آواز بنے گا اور بین الاقوامی قوانین کے مطابق انہیں اس حادثے کے نتیجے میں ان کے تمام حقوق دلوانے کی کوشش کرے گا۔ یہ گروپ ایک عدلیہ کے ایک خودمختار کمیشن کے قیام کی بھی کوشش کرے گا جو اس حادثے کے اور اس کے مابعد اثرات کا پوری طرح معائنہ کرے گا تاکہ مستقبل میں اس طرح کے حادثات کی روک تھام ہو سکے۔

یہ گروپ اس حادثے میں ہلاک ہو جانے والے افراد کے متاثرہ خاندانوں کے لئے مختصر اور طویل المدتی امدادی فنڈ بھی قائم کرے گا۔ اس ضمن میں اس حادثے سے متاثرہ افراد کے وہ اہلخانہ گروپ کے دفتر سے رابطہ قائم کر سکتے ہیں جو اس اقدام میں ساتھ دینا اور قانونی مشاورت حاصل کرنا چاہتے ہوں۔

اس گروپ کے کنوینر جنید حامد ہیں جن کی اہلیہ اس حادثے میں جاں بحق ہو گئی تھیں۔

ائر بلو کریش ایفیکٹیز گروپ کا سیکریٹریٹ 29-C، سن سیٹ کمرشل اسٹریٹ نمبر 1، فیز 4، ڈیفینس ہاؤسنگ اتھارٹی، کراچی- 75500 میں قائم کیا گیا ہے جس کی ویب سائٹ www.acag.com.pk ملاحظہ کی جاسکتی ہے جب کہ فون نمبر 009221-35313188 اور ای میل: contact@acag.com.pk پر رابطہ کیا جاسکتا ہے۔